# 01-11-2024 FRIDAY URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں :

(۱) مرکزی حکومت نے نموڈرون دی دی کے لئے رہنمایانہ خطوط جاری کئے ۔

(۲) ریاست میں چار زمروں کے تحت نمایاں خدمات انجام دینے والے افراد یا تنظیموں کو گورنر ایوارڈس فور ایکسلنس دینے کا فیصلہ کیا گیا۔

(۳) حیدرآباد کی امن و بہبودی کمیٹیوں نے شہر میں امن و ہم آہنگی برقرار رکھنے کے لئے متحدہ کوششیں کرنے کے عزم کا اظہار کیا۔

اور

(۴) بی آر ایس کے کارگذار صدر ریاست بھر میں لوگوں سے جڑنے اور پارٹی کو مضبوط بنانے کے لئے پدیاترا کریں گے۔

☆☆☆

مرکزی وزیر کھیل و امور نوجوانان ڈاکٹر منسکھ مانڈویا نے نوجوانوں سے کہا کہ وہ نیشنل یوتھ ایوارڈ 23-2022ء کے لئے درخواستیں داخل کریں۔ 15 سے 29 سال کے عمر کے نوجوانوں کو مختلف شعبہ حیات جیسے صحت، انسانی حقوق، شہری ذمہ اور سماجی خدمت کے لئے نمایاں کام کرنے کے عوض یہ ایوارڈ دیا جاتا ہے۔ یہ ایوارڈ ایک میڈل، سرٹیفکیٹ اور انفرادی شخص کے لئے ایک لاکھ روپے اور تنظیم کے لئے 3 لاکھ روپے نقد انعام پر مشتمل ہے۔ ڈاکٹر مانڈویا نے ایک ویڈیو پیام میں کہا کہ ہندوستان کی ترقی میں نمایاں کردار ادا کرنے والے نوجوانوں کی کامیابیوں کو اجاگر کرنے کے لئے دیا جارہا ہے۔ مرکزی وزارتِ داخلہ کی ویب سائٹ پر اس مہینہ کی 15 تاریخ تک درخواستیں داخل کی جاسکتی ہیں۔

☆☆☆

مرکزی حکومت نے نموڈرون ڈی ڈی اسکیم کے لئے گائیڈ لائنس جاری کی ہے، مرکزی وزارتِ زراعت و بہبودی کسان نے دیندیال انتودیا یوجنا نیشنل رورل لائیولی ہوڈ مشن کے تحت خواتین سیلف ہلپ گروپ کو ڈرونس فراہم کرنے کو منظوری دی ہے۔ ایک ہزار 261 کروڑ روپے لاگت سے 14 ہزار 500 منتخب خواتین سیلف ہلپ گروپس کو سال 25-2024ء، سال 26-2025ء کی مدد کے دوران ڈرونس فراہم کئے جائیں گے۔ گائیڈ لائنس کے مطابق یہ اسکیم مرکزی وزارتِ دیہی ترقی کے تحت رہے گی۔ خواتین سیلف ہلپ گروپس کو ڈرون کی خریداری کے لئے 8 لاکھ روپے تک فراہم کئے جائیں گے۔ خواتین سیلف ہلپ کی ایک رکن کو منتخب کرتے ہوئے اسے 15 دن کی تربیت فراہم کی جائے گی۔ زرعی مقاصد کے لئے ڈرونس کا استعمال کیا جائے گا۔ ہر ریاست کی سرکردہ فرٹیلائزر کمپنی صاف اور شفاف طریقہ سے ڈرونس خرید سکتی ہیں۔

☆☆☆

ٹرین ٹکٹ اڈوانس ریزرویشن بکنگ کے نئے قواعد کا آج سے نفاذ ہوگیا ہے۔ محکمہ ریلوے نے اڈونس ریزرویشن کی مدت 120 دنوں سے گھٹا کر 60 دن کردی ہے۔ تاہم کل تک کی گئی بکنگ پرانے قواعد کے مطابق ہی رہیں گی۔ وزارتِ ریلوے کا کہنا ہے کہ 60 دنوں کی اڈونس بکنگ کا مقصد مسافروں کو ٹکٹ کی فراہمی کو یقینی بنانا ہے۔ وزارت نے مزید کہا کہ 61 سے 120 دنوں کی مدت کے دوران کروائے جانے والے اڈوانس ریزرویشن کے تقریباً 21 فیصد ٹکٹ منسوخ کردئے جاتے ہیں۔ محکمہ ریلوے کے مطابق دن کے وقت چلنے والی اکسپریس ٹرین جیسے تاج اکسپریس اور گومٹی اکسپریس کے ٹکٹ کی اڈوانس ریزرویشن کی مدت میں کوئی تبدیلی نہیں رہے گی۔ محکمہ کے مطابق غیر ملکی سیاحوں کے لئے 365 دن پہلے اڈوانس بکنگ کے قواعد میں کوئی تبدیلی نہیں کی گئی ہے۔

☆☆☆

حیدرآباد سٹی کمشنر آف پولیس سی وی آنند نے حیدرآباد کے تمام زونس کے سنٹرل پیس اینڈ ویلفیر کمیٹیوں کے نمائندوں کے ساتھ ایک اجلاس منعقد کیا۔اس دوران شہر میں حالیہ دنوں پیش آئے حساس نوعیت کے واقعات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔اجلاس کے دوران شرکاء نے متفقہ طور پر حالیہ دنوں چند افراد کی جانب سے مختلف طبقات کے بیچ ماحول کو بگاڑنے کی کوششوں کی مذمت کی۔ اجلاس کے دوران حیدرآباد میں امن و آہنگی برقرار رکھنے کے لئے متحدہ کوششوں پر زور دیا گیا، تاکہ سبھی طبقات کے لوگ خود کو محفوظ تصور کر سکیں اور آپس میں احترام کریں۔شرکاء نے کہا کہ اس نوعیت کے حساس مسائل کی بروقت یکسوئی کے لئے کمیٹی کے نمائندوں اور قانون نافذ کرنے والی ایجنسیوں کے درمیان رابطہ مضبوط ہونا چاہئے۔اس دوران رواداری کو فروغ دینے اور تعلیمی پروگرامس منعقد کرنے پر بھی زور دیا گیا۔ساتھ ہی غلط معلومات کی فراہمی اور افواہوں سے بچنے کے لئے بھی لوگوں میں بیداری لانے پر زور دیا گیا۔ پولیس کمشنر نے کمیٹی کے ارکان سے کہا کہ وہ اپنے طبقات کے لئے امن کے سفیر کا رول ادا کریں۔ پولیس کمشنر نے حیدرآباد کی ہم آہنگی برقرار رکھنے میں امن کمیٹیوں کے تعاون پر اطمینان کا اظہار کیا۔اس موقع پر کمیٹی کے ارکان نے سماج مخالف عناصر کی کارروائیوں سے نمٹنے میں اپنا مکمل تعاون دینے کا یقین دلایا۔

☆☆☆

ریاستی حکومت نے سرکاری ہاسٹل کے طلبہ کے لیے خوراک اور کاسمیٹک چارجز میں اضافہ کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ ریاستی حکومت نے تلنگانہ اقامتی تعلیمی اداروں کے تحت ریاست کے تمام سرکاری ہاسٹلز، ایس سی، ایس ٹی، بی سی، اقلیتی طبقات کے ہاسٹلوں میں خوراک کے چارجز میں اضافہ کیا ہے۔ریاستی وزیر پنچایت راج ڈی انا سویا سیتا اکا نے وزیر اعلیٰ کے اس فیصلہ کی ستائش کی اور کہا کہ طلبہ کی ضرورتوں کو دھیان میں رکھتے ہوئے 40 فیصد ڈائٹ چارجس و کاسمیٹک الاؤنس میں اضافہ کیا گیا ہے۔ پرنسپل سکریٹری تعلیم بورا وینکٹیشم اور دیگر فلاحی محکموں کے سکریٹریز نے بھی پر وزیر اعلیٰ اے ریونت ریڈی کا شکریہ ادا کیا۔دیوالی کے تحفے کے طور پر حکام نے ڈائٹ چارجز میں اضافے کے حوالے سے کمیٹی کی تجویز پر عمل درآمد پر خوشی کا اظہار کیا۔وزیر اعلیٰ نے حکام کو تجویز دی کہ وہ خوراک میں تبدیلیاں اور اضافہ کریں تاکہ طلباء کو بہتر غذائیت مل سکے۔وزیر اعلیٰ نے عہدیداروں کو حکم دیا کہ وہ دس دن کے اندر اضافہ شدہ چارجز کی مناسبت سے خوراک دستیاب کرائیں۔حکومت کے اس فیصلہ سے ریاست بھر کے تقریباً ساڑھے سات لاکھ طلبہ کو فائدہ پہنچے گا۔

☆☆☆

بی آر ایس کے کارگذار صدر تارک راما راؤ نے پارٹی کارکنوں کی مانگ کے بعد ریاست بھر میں پدیاترا کے اپنے منصوبہ کا اعلان کیا۔دیوالی کے موقع پر سوشیل میڈیا پلیٹ فارم پر کے ٹی آر نے یقین دلایا کہ اِس یاترا کے ذریعہ ریاست بھر کے لوگوں سے جوڑا جائے گا اور بی آر ایس کو مزید مضبوط کیا جائے گا۔ کے ٹی آر نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ پدیاترا کے ذریعہ عوام کی حمایت حاصل کی جائے گی جس طرح ملک بھر میں دیگر پارٹیوں کے لیڈران نے اپنی پیدل یاترا کے ذریعہ عوام کی تائید حاصل کی۔تارک راما راؤ نے کانگریس کی ریاستی حکومت پر تنقید کی اور پارٹی کو تلنگانہ کے لئے بدشگن قرار دیا۔انہوں نے دعویٰ کیا کہ کانگریس دور حکومت میں ریاست کی اقتصادی ترقی متاثر ہوئی ہے اور سماجی بہبود کے کاموں پر منفی اثر پڑا ہے۔انہوں نے بے روزگاری میں اضافہ پر بھی تشویش کا اظہار کیا۔ بی آر ایس لیڈر نے مطالبہ کیا کہ کانگریس اپنے اعلان کردہ چھ ضمانتوں کو نافذ کرے۔

☆☆☆

تلنگانہ میں 4 زمروں کے تحت نمایاں خدمات انجام دینے والوں کو گورنر ایوارڈ فار ایکسلنس دینے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ملک میں یہ پہلا موقع ہے کہ کسی راج بھون کی جانب سے اس طرح کے ایوارڈ دینے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔گورنر جشنو دیو ورما کی پہل پر یہ فیصلہ کیا گیا ہے۔ ہر سال یوم جمہوریہ کے موقع پر منعقد ہونے والے ایٹ ہوم پروگرام کے دوران ایوارڈ پیش کئے جائیں گے۔ریاستی گورنر کے پرنسپل سکریٹری وینکٹیشم نے آج حیدرآباد میں میڈیا کو جانکاری دی کہ چار زمروں کے تحت ماحولیاتی تحفظ،معذورین کی فلاح و بہبود،کھیل کود اور ثقافت کے شعبوں میں نمایاں کام کرنے والوں کو ایوارڈس دئے جائیں گے۔ یہ ایوارڈ دو لاکھ روپے اور ایک توصیف نامہ پر مشتمل رہے گا۔کل سے درخواستیں داخل کی جاسکتی ہیں۔آن لائن یا آف لائن طریقہ سے درخواست داخل کرنے کی آخری تاریخ 23 نومبر ہوگی۔